# ایک مختصر رہنماء

## برائے روزگار (ترمیمی)
## قانون 2010

# A Concise Guide to the

## Employment (Amendment) Ordinance 2010

*(Urdu)*

Labour Department

## مشمولات


پیش لفظ 2

ترمیمی قانون کے تحت کی گئي ترمیمات کا خلاصہ 3

اہم دفعات کا خلاصہ 4

اشاریہ 1 مثالیں 7

اشاریہ 2 استفسارات 10

**پیش لفظ**

اس کتابچہ میں روزگار (ترمیمی) قانون 2010 (ترمیمی قانون) کے ذریعہ روزگار قانون (ای او) میں کی گئي ترمیمات کو سادی اصطلاحات میں بیان کیا گیا ہے۔ EO کے بارے میں مزید تفصیلات حاصل کرنے کے لئے برائے مہربانی لیبر ڈیپارٹمینٹ کے ذریعہ شایع کئے گئے "روزگار قانون کا مختصر رہنماء" کا حوالہ دیکھیں۔

"روزگار قانون کا مختصر رہنماء" اور یہ کتابچہ دونوں ہی یہاں سے ڈاؤنلوڈ کئے جاسکتے ہیں
http://www.labour.gov.hk/eng/public/content2_3.htm.

نوٹ: اس کتابچہ میں فراہم شدہ معلومات صرف حوالہ کے لئے ہے۔ یہاں بیان کی گئی قانونی دفعات کے لئے ترمیمی قانون اور EO ہی واحد مختار ہونگے۔ مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے آپ لیبر ڈیپارٹمینٹ کے حسب ذیل ویب صفحات پر جائیں:

روزگار (ترمیمی) قانون 2010 کے لئے:
http://www.labour.gov.hk/eng/news/EAO2010.htm

روزگار قانون کے لئے:
http://www.labour.gov.hk/eng/legislat/contentB2.htm

## ترمیمی قانون کے تحت کی گئی ترمیمات کا خلاصہ

اس ترمیمی قانون کا مقصد لیبر ٹرائبیونل (“LT”) یا مائنر امپلائمینٹ کلیمس ایڈجوڈیکیشن بورڈ (“MECAB”) کے ذریعہ روزگار قانون ("مخصوص استحقاقات" کی وسعت کے لئے حسب ذیل حصّہ دیکھیں) کے تحت فیصلہ دی گئی رقم کی ادائگی کو آجر کی ذریعہ ادا نہ کئے جانے کے عمل کو ایک مجرمانہ عمل بنانا ہے جو اجرتوں اور قانونی استحقاقات پر مبنی ہو، اور جسکا مقصد ملازمین کے مفادات کو مزید تحفّظ فراہم کرنا ہے۔

LT یا MECAB کے ذریعہ فیصلہ کی گئی رقم کو آجر کو فوری طور پر بنا کسی تاخیر کے ادا کرنا ہوگا۔ ترمیمی قانون کے تحت، کوئی بھی آجر جو اپنی مرضی سے یا بنا کسی معقول وجہ کے واجب الادا تاریخ کے بعد سے 14 دنوں کے اندر اندر اس رقم کی ادائگي میں ناکام ہوجاتا ہے (اشاریہ 1 میں مثال نبمر 1 اور 2 دیکھیں) ایسا شخص اس جرم کے لئے قابل مواخدہ ہوگا اور جرم ثابت ہوجانے پر، اس پر **$350,000 کا جرمانہ** اور **3 سال تک کی قید کی سزا ہوگی۔**

**تاریخ آغاز**

یہ ترمیمی قانون 29 اکتوبر 2010 سے عمل میں آجائگا اور اسکے عمل میں آنے کی تاریخ یا اسکے بعد LT یا MECAB (اسکے بعد سے اسے "ٹرائبیونل کا فیصلہ کہا جائگا) کے ذریعہ کئے گئے فیصلوں پر لاگو ہوگا۔

(نوٹ 1) "ٹرائبیونل کا فیصلہ"۔ اس میں کوئی بھی فیصلہ، حکم یا معاہدہ شامل ہے، جسے لیبر ٹرائبیونل آرڈینینس کے تحت لیبر ٹرائبیونل کا فیصلہ یا مائنر امپلائمینٹ کلیمس ایڈجیوکیشن بورڈ آرڈینینس کے تحت مائنر امپلائمینٹ کلیمس ایڈجیوڈیکیشن کا فیصلہ سمجھا جائگا۔

## اہم دفعات کی نمایاں خصوصیات

یہ ترمیمی قانون آجر کی طرف سے کسی ایسی رقم کی عدم ادائگی کی صورت میں لاگو ہوگا جس کی ادائگی کا حکم ٹرائبیونل نے دیا ہو اور جب کہ اس طے شدہ متعلّقہ رقم کے اندر ایسے مخصوص استحقاقات بھی شامل ہوں جنکی وضاحت ترمیمی قانون میں کی گئی ہے۔

### 1. "مخصوص استحقاقات" کی وسعت:

"مخصوص استحقاقات" میں اجرتیں اور قانونی استحقاقات شامل ہیں جنھیں EO کے تحت مجرمانہ دفعات سے مزید تقویت فراہم کی گئی ہے، مثلا جیسے اجرتیں، سال کے اختتام پر دیا جانے والا معاوضہ، زچگی کی رخصتی کا معاوضہ، ملازمت سے قبل از وقت سبکدوشی کا معاوضہ، طویل مدّتی خدمت کا معاوضہ، بیماری بھتّہ، چھٹی کا معاوضہ، سالانہ چھٹی کا بھتّہ، بیماری کا معاوضہ، اور غیر معقول اور غیرقانونی طریقہ سے برخاستگی کے لئے معاوضہ، جو EO کے اس حصّہ کے تحت دیا گیا ہو جو "تحفّظ روزگار" سے متعلّق ہے۔

## II. ٹرائبیونل کی طرف سے طے کی گئی رقم کی ادائگی سے احتراظ ایک مجرمانہ عمل ہے

اگر ٹرائبیونل کی ذریعہ کئے گئے کسی فیصلہ میں آجر کو کسی مخصوص استحقاق کی ادائگی کے لیے کہا گیا ہے جسکی وضاحت ترمیمی قانون میں موجود ہے (مثلا جیسے اجرتیں، سال کے اختتام کا معاوضہ، زچگی کی رخصتی کا معاوضہ اور ملازمت سے قبل از وقت سبکدوشی کا معاوضہ وغیرہ) (نوٹ نمبر2)۔اور آجر اپنی مرضی سے یا بنا کسی معقول وجہ کے واجب الادا تاریخ کے بعد سے 14 دنوں کے اندر اندر اس رقم کی ادائگي میں ناکام ہوجاتا ہے(نوٹ نمبر2) آجر اس جرم کے لئے قابل مواخدہ ہوگا اور جرم ثابت ہوجانے پر، اس پر **$350,000 کا جرمانہ** اور **3 سال تک کی قید کی سزا ہوگی۔**

یہ نیا جرم رقم کے ایسے کسی بھی حصّہ پر لاگو ہوگا جو اس فیصلہ کے تحت قابل ادائگی ہو۔ ایسی صورت میں جب کسی رقم کی ادائگی قسطوں میں کی جانی ہو، تب یہ کسی بھی قسط یا اس قسط کے کسی حصّہ کی ادائگی سے احتراظ کی صورت میں بھی لاگو ہوگا۔

([فیصلے میں طے کی گئی رقم کے واجب الاداء ہونے کے کی مدّت کے 14 دنوں بعد" کا تعیّن کیسے کرنا ہے] اسکی مثالیں حوالہ کے لئے اشاریہ 1 میں دی ہوئی ہیں۔)

(نوٹ 2) جب تک کہ اسکے برعکس شہادت موجود نہ ہو، اگر ٹرائبیونل کے کسی فیصلہ میں کوئی رقم دینے کے لئے کہا گیا ہو لیکن اس بات کا اشارہ نہ ہو کہ کیا اس رقم میں کوئی مخصوص استحقاق شامل ہے، اور جس دعوے سے متعلّق ادائگی کا یہ فیصلہ ہے، وہ جزوی یا کلّی طور پر کسی مخصوص استحقاق پر مبنی ہے، تو ایسے فیصلے کو مخصوص استحقاقات کی ادائگی کے لیئے فیصلہ سمجھا جائگا۔

(نوٹ3) اگر فیصلہ میں اس تاریخ کی وضاحت نہیں کی گئی ہے جب فیصلہ میں دی جانی والی رقم قبال ادائگی ہو، تب یہ رقم فیصلہ ہونے کے 14 دنوں کے اندر اندر ادا کردی جانی چاہئے۔

## III۔ ترمیمی قانون کے تحت کارپوریٹ تنظیم کے ڈائریکٹروں، شرکاء وغریہ کی مجرمانہ ماخوذیت

جہاں کوئی کارپوریٹ تنظیم اپنی مرضی سے یا بنا کسی معقول وجہ کے واجب الادا تاریخ کے بعد سے 14 دنوں کے اندر اندر اس رقم کی ادائگي میں ناکام ہوجاتی ہے جسکی ادائگی کا فیصلہ صادر کردیا گیا ہے، اور یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ یہ جرم کسی ڈائریکٹر یا دوسرے ذمّہ دار شخص کی رضامندی سے یا اسکے ساتھ مل کر، اور یا اسکی طرف قابل منسوب کسی لاپروائی کی وجہ سے انجا دیا گیا ہے، اس طرح کا شخص بھی ایسا ہی جرم کرتا ہے۔ اسکے لئے زیادہ سے زیادہ **جرمانہ $350,000** اور **تین سال تک کی قید** ہوگی۔

جہاں کسی فرم کا کوئی شریک اپنی مرضی سے یا بنا کسی معقول وجہ کے واجب الادا تاریخ کے بعد سے 14 دنوں کے اندر اندر اس رقم کی ادائگي میں ناکام ہوجاتا ہے جسکی ادائگی کا فیصلہ صادر کردیا گیا ہے، اور یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ یہ جرم کسی ڈائریکٹر یا دوسرے ذمّہ دار شخص کی رضامندی سے یا اسکے ساتھ مل کر، اور یا اسکی طرف قابل منسوب کسی لاپروائی کی وجہ سے انجا دیا گیا ہے، اس طرح کا شخص بھی ایسا ہی جرم کرتا ہے۔ اسکے لئے زیادہ سے زیادہ **جرمانہ $350,000** اور **تین سال تک کی قید** ہوگی۔

اشاریہ 1

# مثالیں

"(A)تفویض شدہ رقم کے واجب الاداء ہونے کے 14 دنوں کی مدّت" کا تعیّن کس طرح کرنا ہے

**[مثال 1] جب تفویض شدہ رقم کی ادائگي یک مشت کرنی ہو:**
ایک آجر اس بات کے لئے رضامند ہوگیا ہے کہ وہ اپنے ملازم کی ملازمت کو نوٹس کے بجائے 1-ماہ کی اجرت دیکر $7,500 دیکر ختم کریگا بجائے اسکے کے وہ روزگار معاہدہ کی شرائط کے تحت پہلے اسے ایک ماہ کا نوٹس دے۔ بعد میں وہ یہ رقم دینے سے انکار کردیتا ہے۔

ملازم لیبر ڈیپارٹمینٹ کے لیبر رلیشنس ڈویزن میں اپنے آجر کے خلاف ایک مہینہ کے نوٹس کے بجائے $7,500 کی اجرت کا دعوی پیش کرتا ہے۔ ثالثی کے بعد بھی یہ تنازعہ حل نہیں ہوتا۔ ملازم اسکے بعد ایک مہینہ کے نوٹس کے بجائے $7,500 کی اجرت دینے کے لئے مائنر امپلائمینٹ کلیمس ایڈجیوڈیکیشن بورڈ (“MECAB”) کے پاس اپنے آجر کے خلاف دعوی پیش کرتا ہے۔ MECAB 8 نومبر 2010 کو ملازم کے حق میں فیصلہ دیتا ہے اور اسی ہی دن اسکو رقم کی ادائگی کئے جانے کے لئے کہتا ہے ۔ آجر کو حکم دیا جاتا ہے کہ وہ 15 نومبر 2010 کو نوٹس سے بجائے ملازم کو $7,500 کی ادائگي کرے۔

نومبر 2010

| ہفتہ | جمعہ | جمعرات | بدھ | منگل | پیر | اتوار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |
| 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | |
| 13 | 12 | 11 | 10 | 9 | 8 | 7 |
| 20 | 19 | 18 | 17 | 16 | 15 | 14 |
| 27 | 26 | 25 | 24 | 23 | 22 | 21 |
| 4 | 3 | 2 | دسمبر 1 | 30 | 29 | 28 |

فیصلہ شدہ رقم کی تیسری قسط کی واجب الاداء تاریخ

تاخیر سے یا غیر ادا شدہ رقم

یہ 14-روزہ مدّت کو بتاتا ہے (یعنی 16 تا 29 نومبر 2010) جب طے کی گئی رقم واجب الاداء ہوجائےگی۔ کوئی بھی آجر جوجان بوجھ کر یا بنا کسی معقول وجہ کے اس مدّت کے ختم ہوجانے کے بعد بھی ادائگی میں ناکام ہوجاتا ہے، وہ جرم کا مرتکت ہوتا ہے۔

کوئی بھی آجر جو اپنی مرضی سے یا بنا کسی معقول وجہ کے واجب الادا تاریخ کے بعد سے 14 دنوں کے اندر اندر $7,500 کی اس طے شدہ رقم کی ادائگي میں ناکام ہوجاتا ہے یعنی 16 تا 29 نومبر 2010) ایسا شخص جرم کا مرتکت ہوگا اور اس کے لئے قابل مواخذہ ہوگا اور جرم ثابت ہوجانے پر، زیادہ سے زیادہ سزا $350,000 کا جرمانہ اور 3 سال تک کی قید کی سزا ہوگی۔

**[مثال نمبر 2] جب فیصلہ شدہ رقم قسطوں میں قابل ادائگی ہو:**

کوئی ملازم لیبر ٹرائبیونل (LT) کے پاس اپنے آجر کے خلاف $12,000 کے کمیشن کا دعوی پیش کرتا ہے۔ 3 نومبر 2011 کو ایک سنوائي کے دوران دونوں ایک معاہدہ پر پہنچتے ہیں اور آجر ملازم کو دعوی کی رقم اس تنازعہ کے حتمی حل کے بدلہ میں 3 قسطوں میں دینے کے لئے رضامند ہوجاتا ہے۔ LT اس معاہدہ کو منظوری دیدیتا ہے اور اسی ہی دن ادائگی کرنے کا فیصلہ کردیتا ہے۔ فیصلہ شدہ رقم کی ادائگی حسب ذیل تاریخوں پر یا اس سے پہلے کی جائگی۔

| قسطوں کی تعداد | تاریخ | ادائگی |
|---|---|---|
| پہلی قسط | 17 نومبر 2010 | $4,000 |
| دوسری قسط | 17 دسمبر 2010 | $4,000 |
| تیسری قسط | 17 جنوری 2011 | $4,000 |

اگر آجر طے شدہ تاریخوں پر صرف پہلی اور دوسری قسط کی کل رقم $8,000 ادا کرتا ہے لیکن 31 جنوری 2011 (یعنی وہ تاریخ جب فیصلہ شدہ واجب الاداء رقم کی تیسری قسط کی ادائگی کی 14-روزہ مدّت ختم ہوجاتی ہے) کو $4,000 کی تیسری قسط دینے میں ناکام ہوجاتا ہے تو آجر جرم کا مرتکب ہوتا ہے اور عدالتی کاروائی کے لئے قابل مواخدہ ہوتا ہے۔

نومبر 2011

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | 1 |
| 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
| 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 |
| 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 |
| 30 | 31 | فروری 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |

فیصلہ شدہ رقم کی تیسری قسط کی واجب الاداء تاریخ

تاخیر سے یا غیر ادا شدہ رقم

یہ 14-روزہ مدّت کو بتاتا ہے (یعنی 18 تا 31 جنوری 2011) جب فیصلہ شدہ رقم کی تیسری قسط واجب الاداء ہوجائگی۔ کوئی بھی آجر جوجان بوجھ کر یا بنا کسی معقول وجہ کے اس مدّت کے ختم ہوجانے کے بعد بھی ادائگی میں ناکام ہوجاتا ہے، وہ جرم کا مرتکب ہوتا ہے۔

کوئی بھی آجر جو اپنی مرضی سے یا بنا کسی معقول وجہ کے فیصلہ شدہ رقی کی تیسری قسط کے واجب الاداء ہوجانے کے بعد 14 دنوں کی مدّت کے ختم ہونے سے پہلے (یعنی 18 تا 31 جنوری 2011 تک) $4,000 کی رقم کی ادائگي میں ناکام ہوجاتا ہے ایسا شخص جرم کا مرتکب ہوگا اور اس کے لئے قابل مواخدہ ہوگا اور جرم ثابت ہوجانے پر، زیادہ سے زیادہ سزا $350,000 کا جرمانہ اور 3 سال تک کی قید کی سزا ہوگی۔

# مثالیں

## (B)ترمیمی قانون کی تاریخ آغاز کا استعمال کس طرح کرنا ہے

### [مثال 3] ترمیمی قانون کا استعمال:

کوئی ملازم اپنے آجر کے خلاف طویل مدّتی خدمت کے معاوضہ کے لئے لیبر ٹرائیبونل(LT) کے پاس $35,000 کا دعوی پیش کرتا ہے، اور 3 نومبر 2010 کو اپنے حق میں فیصلہ حاصل کرلیتا ہے۔ آجر کو 17 نومبر 2010 کو یا اس سے پہلے طویل مدّتی خدمت کے لئے ملازم کو $35,000 دینے کے لئے کہا جاتا ہے۔

نومبر 2010

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 24 اکتوبر | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |
| 31 | 1 نومبر | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 |
| 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |

ترمیمی قانون کی تاریخ آغاز (29)

ایل ٹی ایوراڈ کی تاریخ (3)

فیصلہ شدہ رقم کی واجب الاداء تاریخ (17)

لیبر ٹرائیبیونل کا فیصلہ چونکہ ترمیمی قانون کے نافذ ہونے کی تاریخ کے بعد (یعنی 29 نومبر 2010) کو کیا گیا ہے، لھذا یہ ترمیمی قانون اس کیس میں بھی لاگو ہوگا۔ کوئی بھی آجر جو اپنی مرضی سے یا بنا کسی معقول وجہ کے واجب الادا تاریخ کے بعد سے 14 دنوں کے اندر اندر $35,000 کی اس طے شدہ رقم کی ادائگي میں ناکام ہوجاتا ہے یعنی 17 تا 29 نومبر 2010) ایسا شخص جرم کا مرتکت ہوگا اور اس کے لئے قابل مواخدہ ہوگا اور جرم ثابت ہوجانے پر، زیادہ سے زیادہ سزا $350,000 کا جرمانہ اور 3 سال تک کی قید کی سزا ہوگی

نوٹ:

اگرچہ یہ ترمیمی قانون 29 اکتوبر 2010 سے پہلے کئے گئے ٹرائیبیونل کے فیصلوں پر لاگو نہیں ہوگا، لیکن اگر کسی آجر کے متعلّق یہ شبہ ہو کہ اس نے روزگار قانون کے تحت کوئی جرم کیا ہے (مثلا جیسے طویل مدّتی خدمت کے لئے معاوضہ کی ادائگی سے احتراز)، تب لیبر ڈیپارٹمینٹ اس آجر کے خلاف اس متعلّقہ جرم کے لئے عدالتی چارہ جوئی کریگا بشرطیکہ اس کے لئے کافی شہاتد موجود ہو۔

## استفسارات

- **لیبر ڈیپارٹمنٹ کا ہوم پیج :**

**www.labour.gov.hk**

- **24 گھنٹے انکوائری ہاٹ لائن :**

**2717 1771**

**(یہ ہاٹ لائن "1823" کال سنٹر چلاتا ہے)**

- لیبر ڈیپارٹمینٹ کے لیبر رلیشنز ڈویژن کے دفاتر

**http://www.labour.gov.hk/eng/tele/lr1.htm**

یہ کتابہ لیبر ڈیپارٹمینٹ کی حسب ذیل ویب سائٹ کے ہوم پیج سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے
http://www.labour.gov.hk/eng/public/content2_3.htm

Labour Department

7/2011